SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXV مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ACT NO.XXV OF 2013

سندھ (ایڈہاک اور کانٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنا) ایکٹ، ۲۰۱۳

THE SINDH (REGULARIZATION OF ADHOC AND CONTRACT EMPLYEES) ACT, 2013

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definition

۳۔ ملازمین کی ملازمتوں کی مستقلی

Regularization of services of employees

سندھ ایکٹ نمبر XXV مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ACT NO.XXV OF 2013

سندھ (ایڈہاک اور کانٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنا) ایکٹ، ۲۰۱۳

THE SINDH (REGULARIZATION OF ADHOC AND CONTRACT EMPLYEES) ACT, 2013

[۲۵ مارچ ۲۰۱۳]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے ایڈہاک اور کانٹریکٹ بنیادوں پر مقرر کردہ کچھ ملازمین کی ملازمتوں یا دوسری صورت میں (دہاڑی اور کام کے مطابق معاوضہ دینے کی بنیاد پر مقرر کردہ ملازمین کے علاوہ) کو مستقل کیا جائے گا۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں ایڈہاک اور کانٹریکٹ بنیادوں پر مقرر کردہ کچھ ملازمین کی ملازمتوں یا دوسری صورت میں (دہاڑی اور کام کے معاوضہ دینے کی بنیاد پر مقرر کردہ ملازمین کے علاوہ) کو مستقل کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگا؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ (ایڈہاک اور کانٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنا) ایکٹ، ۲۰۱۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definition

۲۔اس ایکٹ میں جب تک کچھ مفہوم میں دوسرا مطلوب نہیں ہے:

(a) "ایکٹ" مطلب سندھ سول سرونٹس ایکٹ، ۱۹۷۳؛

(b) "ملازم کی تقرری" مطلب ایڈہاک اور کانٹریکٹ بنیاد رپر مطلوب صلاحیت رکھنے والا ملازم یا دوسری صورت میں (دہاڑی اور کام کے مطابق معاوضہ دینے کی بنیاد پر مقرر کردہ ملازمین کے علاوہ) کو مستقل کرنا؛

ملازمین کی

ملازمتوں کی مستقلی
Regularization of services of employees

(c) "حکومت" مطلب حکومت سندھ؛

(d) "ملازم" مطلب وہ شخص جو ایڈہاک اور کانٹریکٹ بناد پر یا دوسری صورت میں (دہاڑی اور کام کے معاضہ پر مقرر کردہ ملازم کے علاوہ) مقرر کیا گیا ہو؛

(e) "عہدہ" مطلب عہدہ جو سرکاری محکمہ میں ملازم کے پاس ہو اور اس میں شامل ہے، ایسے کسی محکمہ کے پروجیکٹ میں عہدہ، جو صوبہ کے معاملات کے متعلق ہے۔

۳۔ جب تک کچھ اس سلسلے میں بنائے گئے اس ایکٹ یا قواعد یا عدالت کے کسی فیصلے، ڈکری، حکم یا فتویٰ کے متضاد نہ ہو، لیکن اس ایکٹ کی دیگر گنجائشوں کے تحت ایڈہاک یا کانٹریکٹ بنیاد یا دوسری صورت میں (دہاڑی اور کام کے معاوضہ پر مقرر کردہ ملازمین کے علاوہ) پر بی ایس -1 سے بی ایس -18 تک یا اس کے مساوی اسکیل میں مقرر شدہ ہو، یا دوسری صورت میں ایسے عہدے پر تقرری کی قابلیت رکھتا ہو اور سرکاری محکمہ میں ملازمت میں ہے اور صوبے کے معاملات سے متعلقہ کسی پروجیکٹ میں ہے، وہ فی الفور اس ایکٹ کے نافذ ہونے سے پہلے مقرر کردہ ہو تو اس کو موثر طریقے اورضابطہ کے تحت مستقل سمجھا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا